تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : نقوشِ خاطر (حصہ اوّل)

مصنف : مولانا مفتی عطاء الرحمٰن قاسمی

ضخامت: 262 صفحات قیمت: 300 روپے ناشر: عطاء الرحمٰن قاسمی

ملنے کا پتہ : N-80/C بلاک این' ابوالفضل انکلیو 1 جامع نگر دہلی' انڈیا

مولانا مفتی عطاء الرحمٰن قاسمی معروف علمی شخصیت ہیں۔ وہ صاحب طرز ادیب اور درجنوں کتابوں کے مصنف ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب 'نقوشِ خاطر' قلمی خاکوں کا مجموعہ ہے۔ اس میں 49 راسخ العلم' مشاہیر علماء' علمی اور روحانی شخصیات کے مختصر حالات درج ہیں۔ ان میں سے بیشتر دارالعلوم دیوبند کے فضلاء ہیں۔ نیز ان میں وہ علماء بھی ہیں جو سیاسی میدان کی معروف شخصیات ہیں۔ تمام علماء چودھویں صدی ہجری کے نامور اور ممتاز اشخاص ہیں جن کا تعلق کسی نہ کسی درجے میں ولی اللٰہی فکر سے ہے۔

کتاب تین ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول میں جن تیرہ شخصیات کے قلمی خاکے ہیں مصنف نے ان کو دیکھا نہیں مگر ان کے ساتھ انہیں گہری عقیدت ہے۔ ان میں سرفہرست مولانا اشرف علی تھانویؒ ہیں جن کی ہمہ گیر شخصیت تعارف کی محتاج نہیں۔ باب دوم کا عنوان ہے: ''چندیدہ ور شخصیات''۔ اس باب میں 28 شخصیات کا ذکر ہے جن میں ہر شخص علمی اور ادبی میدان کا شاہ سوار ہے۔ ان میں سرفہرست مولانا قاری محمد طیبؒ ہیں۔ یہاں ڈاکٹر اسرار احمدؒ کا بھی ذکر ہے جن کی پوری زندگی کا مشن ''دعوت رجوع الی القرآن'' تھا۔ تیسرے باب میں آٹھ مشاہیر کا ذکر ہے۔

مصنف کی یہ انفرادیت ہے کہ ہر شخص کے ذکر کے آغاز میں اُس کے حسب حال ایک شعر یا ایک مصرع ضرور لکھتے ہیں' اس کے بعد اس کے خدوخال' جسمانی ساخت' وضع قطع اور عمومی لباس کا ذکر کرتے ہیں' جس سے اس شخصیت کی ایک تصویر سامنے آجاتی ہے۔ مصنف کی علمی قابلیت اور تحریر کا سلیقہ قابل ستائش ہے۔